No: PAP/Legis-II(4)/2024/

Page ....

نوٹس برائے قرارداد

میں یہ قرارداد پیش کرتا/کرتی ہوں کہ

(دفتری استعمال کیلئے)

اجلاس نمبر	.....	Secy	—
اندراج نمبر	.....	Spl.Secy	—
پارلیمانی سال	—	Adl.Secy(L)	—
بہ تاریخ وصولی	.....	D.S.(L)	—
وقت	.....	A.S.(L)	—
		Supdt.(L)	—

دستخط: رکن صوبائی اسمبلی پنجاب ....

نام : .... حلقہ نمبر: .... تاریخ : ....

نوٹ: (1) صرف وہی دستخط قابل قبول ہوں گے جو رکن نے حلف رجسٹر میں ثبت کیے ہیں۔
(2) قرارداد کے مضمون کیلئے اضافی کاغذ استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔
(3) قرارداد پیش کرنے سے متعلق شرائط و قیود صفحہ کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں۔

CamScanner

قرارداد سے متعلق شرائط وقیود

116۔ قرارداد کا نمونہ اور نفس مضمون:۔ (1) قرارداد اظہار رائے یا سفارش، یا پیغام کی ترسیل، یا تعریف، کسی کارروائی کی خواہش یادرخواست یاحکومت کے زیر غور لانے کے لئے کسی معاملے یاصورت حال پر توجہ دلانے یاایسی دیگر صورت میں ہوگی جسے سپیکر مناسب خیال کرے۔

(2) ذیلی قاعدہ (3) کے تابع قرارداد کسی ایسے معاملے کے متعلق ہوگی جس کی اصل ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہو یا کسی ایسے معاملے سے متعلق ہوگی جس سے حکومت کا کافی حد تک مالی مفاد وابستہ ہو۔

(3) کوئی ایسی قرارداد جس کے ذریعے وفاقی حکومت یا قومی اسمبلی سے سفارش کرنا مطلوب ہو یا جس کے ذریعے کسی ایسے معاملے کے سلسلے میں جس کا تعلق بنیادی طور پر حکومت سے نہ ہو، اسمبلی کی رائے سے وفاقی حکومت یا قومی اسمبلی کو آگاہ کرنا مقصود ہو، پیش کی جاسکے گی۔

(4) قرارداد واضح اور جامع الفاظ میں مرتب کی جائے گی اور اس میں فی الامر کوئی مخصوص مسئلہ پیش کیا جائے گا۔

(5) قرارداد میں:

(اے) دلائل، استنباط، طنزیہ فقرے یاہتک آمیز بیانات شامل نہ ہوں گے؛

(بی) کسی شخص کے چال چلن یا کردار کے ان پہلوؤں کا ذکر نہیں ہوگا جن کا اس شخص کی سرکاری یا عوامی حیثیت سے تعلق نہ ہو؛

(سی) کسی ایسے معاملے کو نہ اٹھایا گیا ہو جو کسی عدالت کے زیر سماعت ہو؛

(ڈی) گورنر یا سپریم کورٹ یا کسی ہائیکورٹ کے کسی جج پر تنقید نہ کی گئی ہو؛ یا

(ای) یہ ایسی بحث کا باعث نہ بنے جو عوامی مفاد کے منافی ہو۔

117۔ کمیشن، ٹربیونل وغیرہ میں زیر سماعت معاملات کو زیر بحث لانا:۔ کسی ایسی قرارداد کو پیش کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی جس کے ذریعے کسی ایسے معاملے کو زیر بحث لانا مقصود ہو جو عدالتی یا نیم عدالتی فرائض انجام دینے والے ازروئے قانون قائم شدہ ٹربیونل یا اتھارٹی کے روبرو یا کسی کمیشن یا تحقیقاتی عدالت جو کسی معاملے کی تفتیش یا تحقیقات کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہو، کے زیر التوا ہو۔

CamScanner